ناک کے پھاہا پر
اپنا نمونہ اکٹھا کرنے کا طریقہ

آج COVID-19 کی تشخیصی جانچ کروانے کے لیے آپ کا شکریہ! ناک کے پھاہا (swab) پر اپنی ناک سے نمونہ اکٹھا کرنے کے لیے براہِ مہربانی مندرجہ ذیل اقدام اٹھائیں۔ اگر آپ کو کوئی سوال پوچھنا ہے یا مدد درکار ہے تو آپ کی معاونت کے لیے ہم یہاں موجود ہیں۔



1 ناک کے پھاہا کو کھولیں

ریپر کے دونوں سروں کو کھینچ کر ناک کے پھاہا کو ریپر سے نکالیں (جیسے آپ بینڈایڈ کو کھولتے ہیں)۔ خیال رکھیں کہ آپ محض ہینڈل کو چھوئیں، پھاہا کے روئی والے سرے کو نہ چھوئیں۔



2 پھاہا کو اپنی ناک کے اندر داخل کریں

پھاہا کے روئی والے نرم سرے کو دھیرے سے ناک کے ایک سوراخ میں اتنا اندر تک داخل کریں جہاں آپ کو محسوس ہو کہ اسے مزید اندر داخل نہیں کیا جا سکتا ہے۔ پھاہا کو 4 مرتبہ ناک کے اندر ہر طرف رگڑیں۔ آہستہ سے پھاہا کو باہر نکالیں۔ اسی پھاہا کے ساتھ، یہی عمل، اپنی ناک کے دوسرے سوراخ میں بھی دہرائیں۔



3 پھاہا کو ٹیوب میں ڈالیں

ہم نے جو ٹیوب دی ہے، اس میں پھاہا کو روئی والے سرے کے بل ڈالیں۔ جب یہ سرا نیچے چھو لے تو پھاہا کے ہینڈل کو ٹیڑھا کر کے، توڑ کر، علیحدہ کریں۔ اپنی اس ٹیوب کو ہمارے عملے کے رکن کے سپرد کریں، وہ آپ کو آگے کے اقدام کے بارے میں بتائے گا/گی۔

ہم آپ کے نمونے کو لیبارٹری میں تجزیہ کرنے کے لیے بھیجیں گے۔ جب آپ کے نتائج تیار ہو جائیں گے تو آپ ان کو MyChart کے ذریعے حاصل کریں گے۔

Urdu_09/20